قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا دوسرا روز مکمل

کراچی، 7نومبر 2020ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ میں سنٹرل پنجاب کو بلوچستان کے خلاف پہلی اننگز میں سبقت حاصل کرنے کے لیے ابھی مزید 103 رنزدرکار ہیں جبکہ اس کی ابھی 4وکٹیں باقی ہیں۔ میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر سنٹرل پنجاب نے 6وکٹوں کے نقصان پر204رنزبنالیے ہیں۔اظہر علی 63اور عثمان صلاح الدین 44رنزبناکر نمایاں رہے۔ احمد صفی عبداللہ 21اور بلاول اقبال 19کے انفرادی اسکور سے میچ کے تیسرے روز کھیل کا آغاز کریں گے۔ عماد بٹ اور تاج ولی 2،2وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔اس سے قبل بلوچستان کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 306رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔ علی وقاص 75اور تیمور علی 63رنزبناکر نمایاں رہے۔کاشف بھٹی 51رنزبناکرناٹ آؤٹ رہے۔سنٹرل پنجاب کے احمد صفی عبداللہ، وقاص مقصود اور بلاول اقبال نے 3،3وکٹیں حاصل کیں۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ میں سدرن پنجاب کو خیبرپختونخوا کے خلاف پہلی اننگز میں برتری حاصل کرنے کے لیے ابھی مزید48 رنزدرکار ہیں جبکہ اس کی4وکٹیں باقی ہیں۔ میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر سدرن پنجاب نے 72اوورز میں 6وکٹوں کے نقصان پر257رنزبنالیے ہیں۔ محمد عرفان 71اور محمد عمران 1کے انفرادی اسکور سے میچ کے تیسرے روز کا آغاز کریں گے۔اس سے قبل حسین طلعت نے 131 رنز کی اننگز کھیل کر آؤٹ ہوئے۔کے پی کے خالد عثمان اور ساجد خان 2،2وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔اس سے قبل کے پی کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 304رنزبناکر آؤٹ ہوگئی۔عادل امین 90اور کامران غلام 64رنزبناکر ٹاپ اسکورر رہے۔فاسٹ باؤلر محمد عباس نے 33رنزدے کر6وکٹیں حاصل کیں۔

یوبی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں جاری میچ میں ناردرن نے اپنی دوسری اننگز میں سندھ کے خلاف مجموعی طور پر156رنزکی برتری حاصل کرلی ہے جبکہ اس کی ابھی7وکٹیں باقی ہیں۔ناردرن نے میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر3وکٹوں کے نقصان پر 45رنزبنالیے ہیں۔سرمد بھٹی 13اور محمد نواز2کے انفرادی اسکور سے میچ کے تیسرے روز کا آغاز کریں گے۔اس سے قبل ناردرن

کے 328 رنز کے جواب میں سندھ کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 217 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ اسپنر نعمان علی نے 5 جبکہ وقاص احمد نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ شرجیل خان 48 اور فواد عالم 39 رنز بنا کر نمایاں رہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT QUAID-E-AZAM TROPHY 2020-21:

- *31 matches to be played on a double-league basis with each side guaranteed a minimum of 10 first-class matches. For schedule, click here*
- *The event will be played under Covid-19 protocols at four venues in Karachi, namely National Stadium, National Bank of Pakistan Sports Complex, State Bank Stadium and UBL Sports Complex.*
- *Central Punjab will defend the title they won in 2019-20 after beating Northern by an innings and 16 runs in the final at National Stadium, Karachi. Other four sides are Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab*
- *The event will take a break after three rounds and will resume from 20 November following the conclusion of the remaining four HBL Pakistan Super League 2020 matches, which were postponed on 17 March due to Covid-19 pandemic.*
- *The winner of the tournament will receive PKR10million while the runner-up will collect PKR5million*
- *PKR500,000 will be handed out to tournament's top-performers and the player of the final will get PKR50,000*
- *Players to earn PKR60,000, per match the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR600,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers. Click here to read more*

As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here, to read more about the three-year agreement

National Team Partners

Domestic Partners